# 09-10-2024 WEDNESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ایل بی اسٹیڈیم حیدرآباد میں ایک خصوصی تقریب میں ڈی ایس سی 2024 کے منتخب امیدواروں کو تقرر نامے حوالے کئے۔

☆ ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ سپریم کورٹ کے فیصلہ کے مطابق ایس سی سب کلاسیفیکیشن کو نافذ کرنے کیلئے ایک رکنی کمیشن کا تقرر کیا جائے گا۔

☆ مرکزی کابینہ نے انیمیا اور تغذیہ کی کمی کے شکار افراد کے لئے خصوصی چاول کی سربراہی کو منظوری دی۔

☆ آر بی آئی نے مسلسل دسویں مرتبہ ریپوریٹ میں تبدیلی نہ کرتے ہوئے اس کی شرح 6.50 برقرار رکھنے کی پالیسی اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ضلع عادل آباد سے تعلق رکھنے والے مختلف آدی واسی طبقات کے نمائندوں نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے حیدرآباد جوبلی ہلز میں واقع ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور انہیں درپیش مختلف مسائل پر بات چیت کی۔ یہ میٹنگ ایک قبائیلی خاتون پر حملہ اور آبروریزی کی کوشش پر قبائیلیوں اور اقلیتوں کے درمیان اتحاد کو فروغ دینے اور جھگڑوں کی یکسوئی کی کوششوں کے ایک حصہ کے طور پر منعقد کی گئی۔ ضلع انچارج وزیر ڈاکٹر انوسویا سیتا اکا اور خانہ پور ایم ایل اے بوجو پٹیل کی جانب سے اس میٹنگ کا انعقاد کیا گیا تھا۔ میٹنگ کے دوران عادل آباد میں قبائیلی طبقات کو درپیش چیلنجس کا طویل مدتی حل ڈھونڈنے کیلئے مختلف راہوں پر توجہ دی گئی۔ اس موقع پر مذکورہ نمائندوں نے مختلف یادداشت پیش کرتے ہوئے کئی مسائل کو اجاگر کیا جن میں ایجنسی علاقوں میں ان کے حقوق کا تحفظ، ان کی اراضیات کی حفاظت اور ملازمتوں کے مواقع کو یقینی بنانا شامل ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ سے خواہش کی کہ قبائیلی طبقات کے مسائل اور حقوق کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ ریونت ریڈی نے یقین دلایا کہ تمام محکمہ جات سے تعلق رکھنے والے سینئر عہدیداروں کی ایک میٹنگ دیوالی سے قبل سکریٹریٹ میں منعقد کی جائے گی۔ اس میٹنگ میں قبائیلی اسوسی ایشنوں اور کمیونٹی لیڈرس کو مدعو کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیر کے ریاستی وزیر پونم پربھاکر نے سوال کیا ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ کے دور میں کتنی ملازمتیں فراہم کی گئیں۔ گاندھی بھون میں آج منعقدہ دوبدو پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے پربھاکر نے اس بات پر زور دیا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی زیر قیادت موجودہ کانگریس حکومت سرکاری محکموں میں خالی جائیدادوں کو پُر کرنے اور ریاست بھر میں بے روزگاری کو دور کرنے کے علاوہ طلبہ کے مسائل کو حل کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔ وزیر نے کہا کہ پیشرو بی آر ایس حکومت نے بیرون ممالک میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے 150 طلبہ کو فی کس بیس لاکھ روپئے مالی امداد فراہم کی جبکہ کانگریس حکومت نے اس امدادی رقم میں اضافہ کرنے کے علاوہ پانچ سو طلبہ کو مستفید کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پونم پربھاکر نے اعلان کیا کہ کانگریس حکومت تعلیم، صحت اور ملازمت کے میدان میں پیشرفت کرنے کے لئے پُرعزم ہے۔ اس پروگرام میں عوام نے جوش وخروش کے ساتھ حصہ لیا اور مختلف معاملات پر وزیر کو 168 درخواستیں پیش کی گئیں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے تلنگانہ اسٹیٹ الیکٹری سٹی ریگولیٹری کمیشن کے نئے صدرنشین کے طور پر مدراس ہائی کورٹ کے سابق جج، جسٹس دیوا راجو ناگرجنا کے نام کو قطعیت دیدی ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے اس عہدہ کے لئے جسٹس ناگرجن کے تقرر سے اتفاق کرلیا ہے۔ موجودہ صدرنشین سری رنگا راؤ کی معیاد اس ماہ کی اختتام تک ختم ہونے والی ہے۔ توقع ہے کہ جسٹس ناگرجن اسی دن عہدہ کا جائزہ حاصل کرلیں گے۔

☆☆☆☆☆

ریزروبینک آف انڈیا نے مسلسل 10 ویں مرتبہ ریپوریٹ میں تبدیلی نہ کرتے ہوئے 6.50 فیصد برقرار رکھنے سے متعلق پالیسی کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسی طرح اسٹینڈنگ ڈپازٹ فسیلیٹی کی شرح بھی 6.25 فیصد، مارجنل اسٹانڈنگ فیسیلیٹی کی شرح اور بینک شرح 6.75 فیصد رہے گی۔ آر بی آئی نے فروری 2023 سے سود کی شرح کو برقرار رکھا ہے۔ مالیاتی پالیسی کمیٹی نے اپنی پالیسی کو تبدیل کرتے ہوئے غیر جانبدار رکھنے اور افراط زر پر توجہ مرکوز رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔

وقارآباد پولیس نے آج ضلع میں فارما موضع کے قیام کے خلاف کسانوں کی جانب سے کی جانے والی مہاپدیاترا کونا کام بنادیا۔ پولیس نے کوڑنگل کے ایم ایل نے نریندر ریڈی اور سابق وزیر سرینواس گوڑ کو اس وقت تحویل میں لے لیا جب وہ مشترکہ احتجاجی مارچ میں حصہ لینے کیلئے روانہ ہورہے تھے۔ کسانوں نے حلقہ اسمبلی کوڑنگل میں جہاں سے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نمائندگی کرتے ہیں، واقع دودیال منڈل ریونیوآفیسر تک مہاپدیاترا نکالنے کا اعلان کیا تھا۔ پولیس نے احتجاجیوں کو دودیال منڈل میں حکیم پیٹ کے پاس روک دیا۔ اسی مقام پر حکومت فارما ولیج قائم کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے اپنے حلقہ میں فارما ولیج قائم کرنے کی تجویز رکھی تھی جس کے خلاف کسانوں کی جانب سے احتجاج کیا جارہا ہے۔ کسانوں کے مطابق اس سلسلہ میں زمینات حاصل کرنے کے منصوبہ سے ان کی روزمرہ زندگی کو خطرہ لاحق ہے لہذا وہ اس منصوبہ سے دستبرداری اختیار کئے جانے تک اپنا احتجاج جاری رکھیں گے۔ ریاستی حکومت نے مذکورہ فارما ولیج کے قیام کے لئے 1274.25 ایکر سرکاری اور پٹہ اراضیات حاصل کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاست کی پنچایت راج وزیر ڈاکٹر دانا ساری انوسویا عرف سیتااکا نے بی آر ایس کے سابق وزیر ہریش راؤ پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کانگریس حکومت نے صرف ایک زرعی سیزن میں اپنے وعدے پورے کئے جبکہ بی آر ایس حکومت ایک دہائی میں بھی یہ کام نہیں کرسکی۔ آج جاری کردہ بیان میں سیتااکا نے ہریش راؤ پر الزام عائد کیا کہ وہ زرعی قرضہ جات کو معاف کرنے کے معاملہ میں غلط اطلاعات پھیلا رہے ہیں۔ سیتا کا نے مزید کہا کہ کانگریس حکومت نے صرف ایک زرعی سیزن کے دوران اٹھارہ ہزار کروڑ روپئے پر مشتمل قرضہ جات معاف کئے۔ جس سے 23 لاکھ کسانوں کو فائدہ پہنچا اور وہ قرض کے بوجھ سے نکل آئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ ایک عملی حکومت ہے جبکہ ہر اہل کسان کو زرعی قرضہ جات کی معافی اسکیم سے فائدہ پہنچے گا۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے دھان کی خریدی سے متعلق مختلف مسائل کا جائزہ لینے اور سفارشات کی تیاری کیلئے ایک کابینی سب کمیٹی تشکیل دی ہے۔ یہ کمیٹی، وزراء بھٹی وکرما آرکا، اُتم کمار ریڈی، سریدھر بابو اور ناگیشور راؤ پر مشتمل ہے۔ یہ کمیٹی گوداموں کو کرایہ پر حاصل کرنے، رائس ملرس کی جانب سے بینک ضمانت، ملرس کے لئے میلنگ کے اخراجات اور دھان سے متعلق دیگر معاملات کا جائزہ لے گی۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ سپریم کورٹ کے سب کلاسیفکیشن کو نافذ کرنے کیلئے فوری ایک رکنی کمیشن قائم کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے عہدیداروں سے کہا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ کمیشن کی جانب سے 60 دن کے اندر رپورٹ پیش کی جائے۔ ان کے مطابق کمیشن کی رپورٹ داخل کئے جانے کے بعد اسی کے مطابق ریاست بھر میں ملازمتوں کے لئے اعلامیہ جاری کیا جائے گا۔ ریونت ریڈی نے چہارشنبہ کو ریاستی سکریٹریٹ میں ایک جائزہ اجلاس میں شرکت کی جو ایس سی کلاسیفکیشن، بی سی سماجی و ذات پات کے سروے کے تعلق سے منعقد ہوا تھا۔ میٹنگ کے دوران یہ فیصلہ کیا گیا کہ سابق ہائی کورٹ جج کی زیر قیادت ایک کمیشن قائم کیا جائے تا کہ کسی بھی طرح کی قانونی پیچیدگیوں کو نظرانداز کیا جاسکے۔ سی ایم نے چیف سکریٹری کو اس بات کی بھی ہدایت دی کہ کمیشن کے کام کے تعلق سے متعلقہ محکموں کو ضروری اطلاعات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج شام حیدرآباد کے لال بہادر شاستری اسٹیڈیم میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب میں ڈی ایس سی 2024 کے تحت منتخبہ امیدواروں کو تقرر نامے حوالے کئے۔ ریاستی حکومت نے حال ہی میں ڈسٹرکٹ سلیکشن کمیٹی (DSC) امتحانات میں منتخبہ گیارہ ہزار باسٹھ سے زائد امیدواروں کو تقررنامے پیش کئے۔ حکومت کی جانب سے پرائمری سطح پر اور اپر پرائمری، سکینڈری سطح پر مذکورہ عہدوں کو پُر کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی حکومت نے آج انیمیا اور تغذیہ کی کمی کے شکار افراد کے لئے مخصوص چاول کی فراہمی کو منظوری دی۔ کابینہ کے فیصلہ پر آج نئی دہلی میں تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے وزیر اشوینی ویشنو نے کہا کہ اس فیصلہ سے تغذیہ کی حفاظت کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ تلنگانہ ریاست کو دوبارہ ترقی یافتہ بنانے کیلئے سرکاری اسکولس اہم رول ادا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ریاست میں تعلیم کے نظام کو مستحکم بنانے کیلئے حکومت کی جانب سے ہرطرح کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ریونت ریڈی نے مزید کہا کہ اپوزیشن پارٹی کی جانب سے تقررات کے عمل کو روک دینے کیلئے کی گئی کوششوں کے باوجود حکومت نے اس مرحلہ کو کامیابی کے ساتھ مکمل کیا ہے۔ریونت ریڈی نے اس موقع پر مختلف ٹیچرس کو بذات خود تقررنامے حوالے کئے اور مبارک باد دی۔

☆☆☆☆☆